# بہادر یار جنگ اکادمی

سراج الدولہ روڈ — بہادر آباد — کراچی ۵

فون - ۴۱۳۳۶۶


حوالہ نشان ..................

تاریخ ۱۲ جولائی ۱۹۹۸ء

محترم جناب نذیر الدین صاحب

السلام علیکم۔ امید کہ مزاج گرامی بعافیت ہوگا۔ جواب دینے میں کچھ تاخیر ہوگئی ہے۔ شاید آپ کے علم میں یہ بات ہو کہ پچھلے کئی برسوں سے ہر سال اکادمی کی جانب سے یادِ بہادر یار جنگ کے سلسلے ۲۵ جون یا اس کے فوری بعد جلسوں کا اہتمام کیا جاتا رہا ہے۔ بہادر یار جنگ مرحوم کی شخصیت سرکاری طور پر بھی اُن زعمائے ملت میں شامل ہے جن کے یوم وفات پر پاکستان ٹی وی اور ریڈیو سے ہر سال خصوصی پروگرام پیش کیے جاتے ہیں۔ نیم سرکاری ادارے "پاکستان کونسل" کی مختلف شہروں میں کارگزار شاخیں ۲۵ جون یا اس سے قریبی تاریخ کو نواب صاحب مرحوم کی یاد میں خصوصی جلسوں کا اہتمام کرتی ہیں۔ اس سال ۲۵ جون کو اکادمی کی جانب سے منعقد کیے جانے والے جلسے کی کارروائی کی کاپی منسلک ہے۔

یہاں ہر سال مختلف زعمائے ملت کے یادگاری پوسٹیج ٹکٹ جاری کیے گئے ہیں۔ کئی سال پہلے اولین زعمائے قوم جن کے یادگاری ٹکٹ اُن کی تصویروں کے ساتھ جاری کیے گئے تھے اُن میں بہادر یار جنگ مرحوم کی شخصیت بھی شامل تھی۔ گزشتہ سال ہم نے ایک کتاب "بہادر یار جنگ (تحقیقی مقالہ)" شائع کیا تھا۔ اس سال "سفرنامہ بہادر یار جنگ" (مرتبہ جناب شاہد حسین رزاقی صاحب) کا دوسرا ایڈیشن شائع کرنے کا ارادہ ہے۔

نیاز مند

محمد سمیع اللہ


معتمد اعزازی

بہادر یار جنگ اکادمی، بہادر آباد، کراچی 74800